# کرونا وائرس کے بارے میں معلومات

## Helsenorge.no

آپ کو تازہ ترین معلومات ویب سائیٹ helsenorge.no پر ملیں گی۔ یہاں علامات، انفیکشن سے واسطہ پڑنے کے بعد علامات ظاہر ہونے تک کے وقت، علاج، سفر، پروگراموں اور روک تھام کے اقدامات کے بارے میں حقائق، مشورے اور معلومات ملیں گی۔

helsenorge.no پر معلومات دیکھیں۔

## نارویجن انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کی ویب سائیٹ fhi.no

آپ کو تازہ ترین معلومات نارویجن انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کی ویب سائیٹ پر ہمیشہ ملتی رہیں گی۔ یہاں علامات، انفیکشن سے واسطہ پڑنے کے بعد علامات ظاہر ہونے تک کے وقت، علاج، سفر، پروگراموں اور روک تھام کے اقدامات کے بارے میں حقائق، مشورے اور معلومات ملیں گی۔

fhi.no پر معلومات دیکھیں

## ڈائریکٹوریٹ آف ہیلتھ کی معلوماتی فون لائن 815 55 015

اگر آپ کو اپنے سوال کا جواب نہ ملے تو آپ ڈائریکٹوریٹ آف ہیلتھ کی معلوماتی فون لائن کو فون کر سکتے ہیں۔ یہاں آپ کو عام سوالات کا جواب ملے گا مثال کے طور پر انفیکشن کن علاقوں میں پھیل رہا ہے اور آپ کو کن علامات پر نظر رکھنی چاہیے۔

ڈائریکٹوریٹ آف ہیلتھ کی معلوماتی لائن کو فون کریں 815 55 015

## کیا آپ کو شبہ ہے کہ آپ کو انفیکشن ہو چکا ہے؟

اگر آپ کو شبہ ہے کہ آپ کو شاید کرونا وائرس کا انفیکشن ہو چکا ہے تو آپ اپنے فیملی ڈاکٹر (fastlege) یا ایمرجنسی کلینک (legevakt)کو فون کریں گے، بجائے وہاں پہنچ جانے کے۔

## ٹیسٹنگ کے لیے کسوٹیاں یعنی کن لوگوں کی ٹیسٹنگ ہو گی

جو لوگ گھر پر کوارنٹین (الگ رہنے کی پابندی) میں ہیں، ان کی ٹیسٹنگ نہیں ہو گی اور وہ صحت کے اداروں سے بھی رابطہ نہیں کریں گے، سوائے اس کے کہ انہیں طبی مدد کی ضرورت ہو۔ ٹیسٹنگ صرف مریضوں کے بعض گروہوں اور طبی کارکنوں کے لیے ہے جنھیں نظام تنفّس کی علامات پیش آئیں۔

نارویجن انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کے تازہ ترین مشورے دیکھیں

## اوسلو کے رہائشی افراد 82 21 80 21 پر کرونا ٹیلیفون کو کال کریں

ان صورتوں میں آپ کرونا ٹیلیفون کو کال کر کے معلوم کر سکتے ہیں کہ آیا ٹیسٹنگ ضروری ہے کہ:

- آپ کو انفلوئنزا کی علامات پیش ہوں
- آپ خطرے کا شکار علاقوں میں وقت گزار کر آئے ہیں
- آپ کرونا وائرس کے انفیکشن میں مبتلا کسی شخص سے قریبی واسطے میں رہے ہیں

فون سروس کے اوقات: پیر تا جمعه دوپہر 12 بجے سے رات 9 بجے، ہفته اور اتوار دوپہر 12:30 بجے سے رات 7:30 بجے۔

اس فون نمبر پر بہت زیاده لوگ کال کر رہے ہیں اور اگر آپ بیمار ہوں اور دوسری کسوٹیاں پوری نه ہوں تو ہدایت ہے که آپ گھر پر رہیں اور دوسرے لوگوں سے واسطه کم کر دیں۔ انفلوئنزا جیسی علامات رکھنے والے سب لوگوں کا کرونا ٹیلیفون کو کال کرنا ضروری نہیں۔

اوسلو کے رہائشی افراد 82 21 80 21 پر کرونا ٹیلیفون کو کال کریں۔

## اپنے فیملی ڈاکٹر (fastlegen) کو فون کریں

مشوره لینے کے لیے اپنے فیملی ڈاکٹر سے فون پر رابطه کریں۔ اگر آپ کو کرونا وائرس کی وجه سے کوارنٹین (الگ تھلگ جگه) میں رہنا ہو تو ڈاکٹر آپکو چھٹی کے لیے میڈیکل سرٹیفکیٹ دے سکتا ہے۔ جو بیماری شدید نه ہو، اس کے لیے ہمیشه پہلے فیملی ڈاکٹر سے رابطه کریں۔ یه ہدایت کرونا کے ساتھ ساتھ دوسری بیماریوں کے لیے بھی ہے۔

## ہنگامی طبی مدد کے لیے ایمرجنسی کلینک (legevakta) کو فون کریں

اگر آپ بیمار ہوں اور فیملی ڈاکٹر سے آپ کا رابطه نه ہو سکے تو 116117 پر ایمرجنسی کلینک کو فون کریں۔

ایمرجنسی کلینک کو صرف تب فون کریں جب آپکو طبی مدد کی فوری اور شدید ضرورت ہو۔ یه سردیوں کا موسم ہے اور نظام تنفّس کی تکلیفوں میں مبتلا زیاده تر لوگوں کو کرونا وائرس کا خطره نہیں ہوتا۔ پہلے فون کیے بغیر ڈاکٹر کے پاس/ایمرجنسی کلینک میں نه جائیں۔ اگر زندگی اور صحت خطرے میں ہو تو 113 پر فون کریں۔

## اوسلو میں تمام سکول اور چھوٹے بچوں کے نگہداشتی مراکز بند ہیں

بلدیه اوسلو میں تمام سکول اور چھوٹے بچوں کے نگہداشتی مراکز بند ہیں۔ فی الحال یه اقدام 14 دن کے لیے ہے۔

تمام سکول اور چھوٹے بچوں کے نگہداشتی مراکز بند ہیں۔ فی الحال چھوٹے بچوں کے نگہداشتی مراکز اور سکول 26 مارچ 2020 تک بند رہیں گے۔ اس مدت میں اضافه کیا جا سکتا ہے۔

سکول گھر میں طالبعلموں کو تعلیم دینے کی پوری کوشش کریں گے۔

یه اقدام ان اداروں کے لیے ہے:

- تمام پرائمری سکول
- ہائی سکول
- اپر سیکنڈری سکول
- تعلیم بالغاں (Voksenopplæring)
- چھوٹے بچوں کے نگہداشتی مراکز
- ایکٹیویٹی سکول

Utdanningsetaten (محکمۂ تعلیم) سے رابطے کی تفصیلات